صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

سوموار 22 فروری 2016ء

روزنامہ
الفضل
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
سوموار 22 فروری 2016ء 13 جمادی الاول 1437 ہجری 22 تبلیغ 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 43

# ارشادات عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت ابو کبشہ انماریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ تین باتیں میں قسم کھا کر بیان کرتا ہوں انہیں اچھی طرح یاد رکھو۔ کسی بندے کا مال صدقہ کی وجہ سے کم نہیں ہوتا۔ جب کسی پر ظلم کیا جائے اور وہ اس پر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی عزت بڑھاتا ہے۔ اور جب کوئی شخص سوال کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ اس کے لئے فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

(جامع ترمذی کتاب الزھد باب مثل الدنیا حدیث 2247)

رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ فرماتا ہے اے ابن آدم! خرچ کرتا رہ۔ میں تجھے عطا کروں گا۔

(بخاری کتاب النفقات باب فضل النفقه حدیث نمبر 4933)

حضرت نبی کریم ﷺ نے ایک دفعہ حضرت اسماءؓ بنت ابوبکر کو نصیحت فرمائی لا تحصی فيحصى الله عليك
اللہ کی راہ میں گن گن کر خرچ نہ کیا کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں گن گن کر ہی دے گا۔ لا توكى فيوكى عليك
اپنی روپوں کی تھیلی کا منہ (بخل کی راہ سے) بند کر کے نہ بیٹھ جانا ورنہ پھر اس کا منہ بند ہی رکھا جائے گا (یعنی اگر کوئی روپیہ اس سے نکلے گا نہیں تو آئے گا کہاں سے؟) جتنی طاقت ہے دل کھول کر خرچ کیا کرو۔

(بخاری کتاب الزکوٰۃ باب التحریص علی الصدقة حدیث نمبر 1344,1343)

آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو لوگ دنیا میں بہت مال و دولت رکھتے ہیں آخرت میں وہی نادار ہوں گے سوائے اس شخص کے جس کو اللہ نے دولت دی ہو پھر وہ دائیں اور بائیں اور آگے اور پیچھے (چاروں طرف) اس کو لٹائے (محتاجوں کو دے) اور دولت کو نیک کام میں خرچ کرے وہ آخرت میں نادار نہ ہوگا۔ (صحیح بخاری کتاب الرقاق باب المکثرون هم المقلون حدیث نمبر 5962)

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جب کوئی عورت اپنے خاوند کے مال میں سے کچھ خیرات کرے بشرطیکہ نیت فساد کی نہ ہو تو اس عورت کو بھی ثواب ملے گا، خاوند کو بھی ثواب ملے گا اور خازن کو بھی ثواب ملے گا۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب اجر المرءة حدیث نمبر 1350)

آنحضرت ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے فرمایا تو جو کچھ بھی رضائے الٰہی کی نیت سے راہ خدا میں خرچ کرے حتیٰ کہ اپنی بیوی کے منہ میں لقمہ بھی ڈالے تو اس کا بھی تجھے اجر دیا جائے گا۔ (صحیح بخاری کتاب الایمان باب ان الاعمال بالنیات حدیث نمبر 54)

حضرت حکیم بن حزامؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ کفر کے زمانہ میں جو میں نے نیکیاں کی ہیں جیسے خیرات کرنا، غلام آزاد کرنا، صلہ رحمی کرنا۔ کیا ان کا ثواب مجھ کو ملے گا۔ آپؐ نے فرمایا تو جتنے نیک کام کر چکا ہے انہی کی وجہ سے مسلمان ہوا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب من تصدق فی الشرك حدیث نمبر 1346)

## بچوں کا پیٹ کاٹ کر

حضرت دکینؓ بن سعید فرماتے ہیں کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم 440 آدمی تھے اور ہم نے رسولؐ اللہ سے غلہ مانگا۔ آپؐ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا اٹھو اور انہیں دو۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ میرے پاس تو صرف اتنا ہے جو میرے اور میرے بچوں کے لئے گرمی کے موسم میں کفایت کرے۔ آپؐ نے فرمایا اٹھو اور دو۔ چنانچہ حضرت عمرؓ ان سب لوگوں کو ساتھ لے کر گھر آئے۔ کمرہ کھولا تو وہاں کھجوروں کا چھوٹا سا ڈھیر تھا۔ ہم میں سے ہر آدمی نے اپنی ضرورت کے مطابق اس میں سے لے لیا۔ مگر خدا کی قدرت کہ اس ڈھیر میں ذرہ برابر کمی نہ آئی۔ (حلیۃ الاولیاء جلد 1 ص 365)

## 40 نفلی روزوں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 7۔ اکتوبر 2011ء کو دعاؤں اور عبادات کے ساتھ ساتھ نفلی روزہ رکھنے کی تحریک فرمائی تھی۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ 12 فروری 2016ء کے خطبہ جمعہ میں چالیس نفلی روزوں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا۔

''چند سال ہوئے میں نے بھی کہا تھا کہ جماعت کو روزے رکھنے چاہئیں اور جماعت میں ابھی تک بعض ایسے ہیں جو قائم ہیں اور رکھتے ہیں۔ کم از کم چالیس روزے ہفتہ وار ہی رکھیں۔ یعنی چالیس ہفتوں تک روزے رکھیں۔ اور خاص طور پر دعائیں کریں اور نفل ادا کریں اور صدقات دیں۔ کیونکہ جو جماعت کے حالات ہیں۔ بعض جگہ بہت زیادہ سختی اور شدت آتی جا رہی ہے۔ جب ہم اللہ تعالیٰ کے حضور چلائیں گے تو جس طرح بچے کے رونے سے ماں کی چھاتیوں میں دودھ اتر آتا ہے۔ آسمان سے ہمارے رب کی نصرت نازل ہوگی۔''

## درخواست دعا

مکرم عطاء المجیب راشد صاحب امام بیت الفضل لندن تحریر کرتے ہیں۔

میرے بڑے بھائی مکرم عطاء الرحیم حامد صاحب امریکہ آپریشن کے بعد ہسپتال سے گھر آ گئے ہیں اور طبیعت بہتر ہو رہی ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے اور صحت وسلامتی والی فعال زندگی عطا فرمائے۔ آمین

## درخواست دعا

مختلف جگہوں پر بعض احمدی افراد مختلف جھوٹے مقدمات میں ملوث کئے گئے ہیں ان افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ............ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ............ مقام اشاعت : دار النصر غربی چناب نگر ربوہ ............ قیمت 5 روپے

ایمان کی وہ دولت جو خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے آپ کو عطا فرمائی ہے اس کو تمام بنی نوع انسان تک پھیلانے کے لیے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے

# اپنی نسلوں اور بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف بھی خاص توجہ دیں۔ ایم ٹی اے خدا تعالیٰ کا خاص انعام ہے

# اپنے اہل خانہ کے ساتھ مل کر میرے خطبات اور تقاریر اور ایم ٹی اے کے دیگر پروگرام دیکھا کریں۔

## پیغام سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز برموقع ڈائمنڈ جوبلی مجلس انصاراللہ بھارت

لندن

z-04-06-15

پیارے ممبران مجلس انصاراللہ بھارت!

مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ مجلس انصاراللہ بھارت ڈائمنڈ جوبلی کے موقع پر مختلف تقریبات کا انعقاد کر رہی ہے اور اس کے لئے مجھ سے پیغام بھجوانے کی درخواست کی گئی ہے۔ میں اس موقع پر آپ کو چند نصائح کرنا چاہتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود کو بھیجا اور آپ بہت خوش قسمت ہیں کہ آپ کو انہیں ماننے کی توفیق ملی۔ ایمان تبھی ترقی کرتا ہے جب کسی سلسلہ کے مریدین کی جماعت اپنے روحانی پیشوا کی تعلیمات پر عمل کرنے والی ہو۔ حضرت مسیح موعود کی تعلیمات میں سے ایک خدمت دین کے کاموں میں حصہ لینے کی نصیحت بھی ہے۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

جو حالت میری توجہ کو جذب کرتی ہے اور جسے دیکھ کر مَیں دعا کے لئے اپنے اندر تحریک پاتا ہوں وہ ایک ہی بات ہے کہ مَیں کسی شخص کی نسبت معلوم کر لوں کہ یہ خدمت دین کے سزاوار ہے اور اس کا وجود خدا تعالیٰ کے لئے، خدا کے رسول کے لئے، خدا کی کتاب کے لئے اور خدا کے بندوں کے لئے نافع ہے۔ ایسے شخص کو جو درد و الم پہنچے وہ درحقیقت مجھے پہنچتا ہے۔

فرمایا: ہمارے دوستوں کو چاہئے کہ وہ اپنے دلوں میں خدمت دین کی نیت باندھ لیں جس طرز اور جس رنگ کی خدمت جس سے بن پڑے کرے۔

اس لئے پہلی نصیحت تو یہی ہے کہ انصارِ دین بنیں۔ جو خدمت آپ کے سپرد کی جائے اس کو خدا کا فضل سمجھیں اور اسے بہترین رنگ میں بجالانے کی کوشش کریں۔ سلسلہ کے کاموں سے آپ کو قلبی اطمینان نصیب ہوگا۔ آپ کی روحانی ترقی کے سامان ہوں گے اور آپ کے نمونہ کو دیکھ کر آپ کی اولاد کو بھی نیک کاموں کو بجالانے کی ترغیب ملے گی اور ان کے اندر خدمت دین کا شوق اور جذبہ پیدا ہوگا۔

اسی طرح (دعوت الی اللہ) کا کام بہت اہم اور وسیع کام ہے۔ چند رابطے بنا کر مطمئن ہو جانا اور کچھ لوگوں تک فولڈرز تقسیم کر لینا ہی کافی نہیں ہے۔ اپنے رابطے بڑھائیں۔ لوگوں کو جماعتی کتب، ویب سائٹ اور ایم ٹی اے سے متعارف کرائیں۔ ہمارا کام ساری دنیا تک حضرت مسیح موعود کی تعلیمات اور عقائد کی نشر و اشاعت کرنا ہے۔ جیسا کہ آپ فرماتے ہیں:

خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان تمام روحوں کو جو زمین کی متفرق آبادیوں میں آباد ہیں کیا یورپ اور کیا ایشیا ان سب کو جو نیک فطرت رکھتے ہیں توحید کی طرف کھینچے اور اپنے بندوں کو دینِ واحد پر جمع کرے۔ یہی خدا تعالیٰ کا مقصد ہے جس کے لئے مَیں دنیا میں بھیجا گیا ہوں۔ سو تم اس مقصد کی پیروی کرو مگر نرمی اور اخلاق اور دعاؤں پر زور دینے سے۔

پس ایمان کی وہ دولت جو خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے آپ کو عطا فرمائی ہے اس کو تمام بنی نوع انسان تک پھیلانے کے لیے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے۔ اس لئے اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں۔ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہ بیٹھیں اور احمدیت کا پیغام فعال رنگ میں پھیلانے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر پروگرام بنائیں۔

پھر ایک اور ضروری نصیحت یہ ہے کہ اپنی نسلوں اور بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف بھی خاص توجہ دیں۔ اس زمانہ میں جو ٹی وی، انٹرنیٹ، فون وغیرہ نئی سے نئی ایجادات ہوئی ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ ان کے فوائد بھی ہیں اور ان سے علمی ترقی بھی ہوئی ہے لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ان چیزوں نے لوگوں کی مصروفیات اور رجحانات کو یکسر تبدیل کر دیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وقت کا ضیاع بھی ہوتا ہے۔ اس لئے اپنے بچوں کی سرگرمیوں اور مصروفیات پر نظر رکھیں اور انہیں پیار سے سمجھاتے رہیں۔ انہیں دینی تعلیمات کے تابع رہ کر زندگی بسر کرنے کی نصیحت کرتے رہیں۔ انصار چونکہ گھروں کے سربراہ ہوتے ہیں اس لئے انہوں نے جہاں خود کو دینی تعلیمات کا پابند بنانا ہے وہاں اپنے اہل و عیال سے بھی ان تعلیمات پر عمل کروانا ہے۔ نیک نمونہ کا وعظ و نصیحت کی نسبت زیادہ اثر ہوتا ہے۔ آپ کو نمازوں میں باقاعدگی اور دعاؤں کی طرف خاص توجہ کرنی ہوگی۔ تلاوتِ قرآن کریم اور حضرت مسیح موعود کی کتب کے مطالعہ کو اپنا روزمرہ کا معمول بنانا ہوگا۔ خود کو خلافت سے چمٹائے رکھنا اور اس کی برکات اور اہمیت کو وقتاً فوقتاً اپنے اہل و عیال پر واضح کرتے رہنا ہوگا۔ اس زمانے میں ایم ٹی اے خدا تعالیٰ کا خاص انعام ہے۔ اپنے اہل خانہ کے ساتھ مل کر میرے خطبات اور تقاریر اور ایم ٹی اے کے دیگر پروگرام دیکھا کریں۔ اسی طرح اُنہیں دینی خدمت کے کاموں میں مصروف کریں اور ان کے لئے دعائیں کرتے رہیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔

میری اپنی تو یہ حالت ہے کہ میری کوئی نماز ایسی نہیں ہے جس میں مَیں اپنے دوستوں اور اولاد اور بیوی کیلئے دعا نہیں کرتا۔ لوگ اولاد کی خواہش تو کرتے ہیں مگر نہ اس لئے کہ وہ خادم دین ہو بلکہ اس لئے کہ دنیا میں ان کا کوئی وارث ہو۔ اور جب اولاد ہوتی ہے تو اس کی تربیت کا فکر نہیں کیا جاتا۔ نہ اس کے عقائد کی اصلاح کی جاتی ہے۔ اور نہ اخلاقی حالت کو درست کیا جاتا ہے۔ یہ یاد رکھو کہ اس کا ایمان درست نہیں ہو سکتا جو اقرب تعلقات کو نہیں سمجھتا۔ جب وہ اس سے قاصر ہے تو اور نیکیوں کی اُمید اس سے کیا ہو سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اولاد کی خواہش کو اس طرح پر قرآن میں بیان فرمایا ہے............ (الفرقان:75) یعنی خدا تعالیٰ ہم کو ہماری بیویوں اور بچوں سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرمادے اور یہ تب میسر آسکتی ہے کہ وہ فسق و فجور کی زندگی بسر نہ کرتے ہوں بلکہ عبادُ الرّحمٰن کی زندگی بسر کرنے والے ہوں اور خدا کو ہر شے پر مقدّم رکھنے والے ہوں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو میری ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق دے اور آپ کے ڈائمنڈ جوبلی کے تمام پروگراموں کو ہر لحاظ سے کامیاب اور بابرکت فرمائے۔ آمین

والسلام خاکسار

مرزا مسرور احمد

**خليفة المسيح الخامس**

---

# فضل عمر ہسپتال کے مریضوں سے چند گزارشات

۞ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں صبح 7:30 بجے پرچی بننی شروع ہوتی ہے۔ مریضوں سے گزارش ہے کہ صبح 9:00 بجے سے قبل اپنی پرچی بنوا لیا کریں۔ تاکہ ڈاکٹر صاحب کو بروقت دکھا سکیں اور وقت پر مطلوبہ ٹیسٹ ہو سکیں۔ ڈاکٹر صاحب کو دکھانے سے قبل چیک کر لیں کہ آپ کا تمام ریکارڈ یعنی نسخہ جات/ ایکسرے اور ٹیسٹس وغیرہ آپ کے پاس موجود ہیں۔

☆ تمام آؤٹ ڈورز میں ہر پرچی کو ایک نمبر دیا جاتا ہے تاکہ آپ اپنی باری کا تعین کر سکیں۔ باری گزر جانے کی صورت میں آپ کو مشکل پیش آسکتی ہے۔

☆ شعبہ ایمرجنسی آپ کی خدمت کیلئے 24 گھنٹے کھلا ہوتا ہے۔ لیکن دیکھا گیا ہے کہ بعض حضرات آؤٹ ڈور میں انتظار کی زحمت سے بچنے کیلئے ایمرجنسی میں آتے ہیں جبکہ مریض کی نوعیت ایمرجنسی کی نہیں ہوتی۔ اس طرح شعبہ ایمرجنسی پر غیر ضروری بوجھ پڑتا ہے اور ان کا کام بھی متاثر ہوتا ہے۔

☆ بعض احباب اپنے بچوں کو علاج کیلئے کسی اور بچے کو ہمسائے یا دوسرے رشتہ دار کے ہمراہ بھجوا دیتے ہیں۔ گزارش ہے کہ والدین میں سے ایک فرد بچہ کے ہمراہ ضرور آئے۔

☆ اگر سپیشلسٹ ڈاکٹر سے وقت نہ مل سکے تو کسی اور جونیئر ڈاکٹر کو دکھا لیں۔ اگر واقعی سپیشلسٹ کی ضرورت ہوگی تو ڈاکٹر صاحب ریفر کر دیں گے۔

☆ مؤدبانہ التماس ہے کہ ہر ہسپتال کے آؤٹ ڈورز میں انتظار کی زحمت اٹھانی پڑتی ہے۔ لہٰذا اپنی باری کیلئے ہسپتال کے عملہ سے تعاون فرمائیں۔ نیز کسی بھی شکایت کی صورت میں انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی کتاب ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل کی روشنی میں

# ملیریا، ٹائیفائیڈ، پرسوتی اور گردن توڑ بخار کا علاج

(قسط اول)

مرتبہ: مکرم ہومیو ڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

## ایکونائٹ

(Aconitum Napellus)

ہر ایسی بیماری کے آغاز میں جس میں بے چینی اور بخار کی کیفیت ہو اور محسوس ہوتا ہو کچھ ہونے والا ہے۔ ایکونائٹ اور رسٹاکس (Rhustox) کی 200 طاقت میں دو تین خوراکیں بیماری کو آغاز ہی میں ختم کر دیتی ہیں۔...... ایکونائٹ(Aconite)200+ رسٹاکس(Rhustox)200 ملا کر۔ آرنیکا(Arnica)200+ برائی اونیا(Bryonia)200 ملا کر باری باری۔ یہ نسخہ میں نے لمبے تجربہ کے بعد اخذ کیا ہے۔ اس کا انتڑیوں، پھیپھڑوں اور میعادی بخار سے بھی تعلق ہے۔ اس کے علاوہ ملیریا اور پیچش پر بھی فوری اثر کرتا ہے۔ (ص10)

## اپیس ملیفیکا

(Apis Mellifica)

ہر قسم کی سوزش اور ورم میں اپیس اس صورت میں مفید ہے جب ٹکور یا گرمی سے تکلیف بڑھتی ہو ان علامتوں کی موجودگی میں اپیس گردن توڑ بخار (Meningitis) کا بھی بہترین علاج ثابت ہوتی ہے۔ (ص67)

## آرنیکا

(Arnica Montana)

اگر پیدائش کے بعد پرسوتی بخار ہو جائے تو سلفر اور پائروجنیم ملا کر دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ لیکن اگر پہلے آرنیکا دی جائے تو غالباً ان دواؤں کی ضرورت بھی پیش نہیں آئے گی۔

(ص86)

ملیریا سے مستقل نجات کے لئے اونچی طاقت میں آرنیکا کو بھی شہرت حاصل ہے۔ (ص99)

## آرسینک

(Arsenicum Album)

بعض عورتوں میں صدموں اور پرسوتی بخاروں (Septic Fevers) کی وجہ سے آرسینک کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں اور ہر وقت بے چینی میں مبتلا رہتی ہے اس کا مریض بے حد نازک اور نفیس مزاج ہوتا ہے جو کہ کپڑے کی ذرا سی سلوٹ بھی برداشت نہیں کرسکتا۔ کمرے کی سب چیزیں ترتیب اور سلیقے سے رکھتا ہے اگر کوئی ذرا بھی چھیڑے تو غصہ سے بھڑک اٹھتا ہے۔ (ص93)

ملیریا کے روک تھام کے لئے بھی یہ بہترین دوا ہے۔ لیکن اسے اونچی طاقت میں مثلاً ایک ہزار یا ایک لاکھ طاقت میں بخار کی علامتیں ظاہر ہونے سے پہلے ہی روک تھام کی خاطر دینا چاہئے۔ بخار کے دوران نہیں دینی چاہئے۔ ہاں اگر بخار کی علامتیں آرسینک کا مطالبہ کریں تو بخار کے حملوں کے درمیان جب پہلے بخار کا زور ٹوٹ چکا ہو یا ٹوٹ رہا ہو اس وقت آرسینک بے دھڑک دی جاسکتی ہے۔ (ص99)

## بپٹیشیا

(Baptisia)

بپٹیشیا روزمرہ کی تکلیفوں میں کام آنے والی بہت معروف اور مجرب دوا ہے اس کا تعلق تعفنات سے ہے۔ اگر انتڑیوں میں بہت زیادہ تعفن پایا جائے خصوصاً ٹائیفائیڈ کی بیماری میں ایسے اسہال آتے ہوں جن میں انتہائی خطرناک بدبو ہو تو بپٹیشیا سے بہتر اور کوئی دوا نہیں۔ (ص121)

ٹائیفائیڈ کی صورت میں جب بپٹیشیا کی علامتیں ہوں تو بپٹیشیا لازمی دوا بن جاتی ہے لیکن اس کی مددگار کے طور پر ٹائیفائیڈینم 200 اور پائروجنیم 200 ملا کر اس کے اثر کو اور بھی تیز کر دیتی ہے۔ ٹائیفائیڈ میں پیٹ کا تناؤ بخار کی نسبت سے بہت زیادہ ہوتا ہے۔ سارا جسم گھل کر ختم ہو رہا ہوتا ہے جبکہ پیٹ پھول کر بڑا ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں بپٹیشیا کی علامات موجود ہوں تو اس کے ساتھ ٹائیفائیڈینم اور پائروجنیم حسب ذیل طریق پر استعمال کرانی چاہئے۔

جب تک بخار ٹوٹ کر درجہ حرارت نارمل نہ ہو جائے یعنی نہ صبح بخار ہو نہ رات کو بخار ہو اس وقت تک ٹائیفائیڈینم اور پائروجنیم دن میں تین دفعہ اور بپٹیشیا 30 پانچ چھ دفعہ باقاعدگی سے دیں۔ جب درجہ حرارت بالکل نارمل ہو چکا ہو تو پھر کم سے کم مزید ایک ہفتہ تک پائروجنیم اور ٹائیفائیڈینم روزانہ ایک دفعہ اور بپٹیشیا حسب سابق دن میں تین دفعہ دیتے چلے جائیں۔ اگر پورے اکیس دن یہ احتیاط برتی جائے تو اللہ کے فضل سے ٹائیفائیڈ کے اعادے کا کوئی احتمال نہیں رہے گا اور اس کے کوئی باقی ماندہ بداثرات بھی نہیں ہوں گے۔ (ص122)

## برائٹا کارب

(Baryta Carbonica)

خصوصاً ٹائیفائیڈ اور پولیو کے چھوڑے ہوئے فالج کے بداثرات میں جہاں دوسری دوائیں بالکل ناکام ہو گئی ہوں وہاں سلفر یا رسٹاکس کے ساتھ برائٹا کارب کو باری باری دینا بعض دفعہ حیرت انگیز نتائج ظاہر کرتا ہے۔ ...... اگر مختلف اعضاء اور ٹانگوں پر ٹائیفائیڈ یا پولیو کا اثر ہو تو ٹائیفائیڈ میں نسبتاً کم مگر پولیو میں نسبتاً زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ اگر مکمل شفاء نہ بھی ہو تو اتنا نمایاں فرق پڑ جاتا ہے کہ مریض بہت بہتر ہو جاتا ہے۔ سوکھی ہوئی ٹانگ دوبارہ موٹی ہونے لگتی ہے۔ ہاتھ سوکھ رہا ہو تو دوبارہ اپنی اصل حالت کی طرف آنے لگتا ہے۔ مگر ضروری نہیں کہ ایسے ہر بیمار کو مکمل شفا نصیب ہو۔

(ص126,125)

ڈاکٹر کینٹ کے مطابق برائٹا کارب ملیریا کی بھی اچھی دوائی ہے۔ لیکن مجھے اس کا کوئی تجربہ نہیں۔ ہاں ملیریا کے باقی رہنے والے بداثرات میں یہ ضرور فائدہ دیتی ہے۔ (ص128)

## بیلاڈونا

(Belladona)

ٹائیفائیڈ میں بھی بعض دفعہ بیلاڈونا کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ دماغ کو بخار چڑھ جاتا ہے اور ہذیان بکنے لگتا ہے۔ اگر اس میں بیلاڈونا دیں تو وقتی افاقہ تو ضرور ہوگا لیکن کچھ پیچیدگیاں بھی پیدا ہوسکتی ہیں کیونکہ ٹائیفائیڈ کا بیلاڈونا سے مزاجی تعلق نہیں ہے۔

سٹرامونیم بیلاڈونا کی نسبت ٹائیفائیڈ سے زیادہ قریب ہے۔ کیونکہ یہ کسی حد تک مزمن دوا ہے۔ اس لئے یہ ٹائیفائیڈ میں دماغ کی ہذیانی کیفیت کو بھی دور کرسکتی ہے اور ٹائیفائیڈ سے شفا کا موجب بن سکتی ہے۔ دماغی مریضوں کو سٹرامونیم اور سلفر فائدہ پہنچاتی ہیں۔ خواہ انہیں ٹائیفائیڈ ہو یا نہ ہو۔ (ص135)

بیلاڈونا کی ایک علامت یہ ہے کہ اس کا بخار مسلسل چلتا ہے۔ جب ٹوٹے گا تو دوبارہ نہیں ہوگا۔ ٹائیفائیڈ کا بخار بالکل الگ مزاج رکھتا ہے۔ یعنی اکثر رات کو تیز ہو جاتا ہے اور صبح کے وقت کسی حد تک اتر جاتا ہے مگر اگلے دن پھر واپس آجاتا ہے اور اتنی شدت کا ہوتا ہے کہ ختم ہونے سے پہلے مریض کو مار بھی سکتا ہے۔ بیلاڈونا کا بخار جب ختم ہو جاتا ہے تو اچانک ختم ہوتا ہے۔ بعض دفعہ وہ بخار جو ٹھیک نہ ہوں مگر کسی تیز دوا کے اثر سے دب گئے ہوں اور جو ٹھیک نہ ہوں اور پھر دوبارہ اچانک ظاہر ہوں ان میں بیلاڈونا مؤثر ثابت ہوسکتا ہے۔ مگر ایسے بخار جو آہستہ آہستہ چڑھتے ہوں ان کی دوا بیلاڈونا نہیں۔ (ص135)

بیلاڈونا کی ایک علامت یہ ہے کہ اس کا بخار مسلسل چلتا ہے۔ جب ٹوٹے گا تو دوبارہ نہیں ہوگا۔ ٹائیفائیڈ کا بخار بالکل الگ مزاج رکھتا ہے۔ یعنی اکثر رات کو تیز ہو جاتا ہے اور صبح کے وقت کسی حد تک اتر جاتا ہے مگر اگلے دن پھر واپس آجاتا ہے اور اتنی شدت کا ہوتا ہے کہ ختم ہونے سے پہلے مریض کو مار بھی سکتا ہے۔ بیلاڈونا کا بخار جب ختم ہو جاتا ہے تو اچانک ختم ہوتا ہے۔ بعض دفعہ وہ بخار جو ٹھیک نہ ہوں مگر کسی تیز دوا کے اثر سے دب گئے ہوں اور پھر دوبارہ اچانک ظاہر ہوں ان میں بیلاڈونا مؤثر ثابت ہوسکتا ہے مگر ایسے بخار جو آہستہ آہستہ چڑھتے ہوں ان کی دوا بیلاڈونا نہیں۔

(ص135)

بچے کا بخار بہت تیز ہو اس کا سر پر زیادہ اثر ہو پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوں تو بیلاڈونا ہی اولین دوا ہونی چاہئے۔ بخار میں جسم ٹھنڈا ہو جائے لیکن سر پر گرمی کا احساس ہو تو یہ بہت خطرناک علامت ہے۔ مائیں سمجھتی ہیں کہ بخار اتر گیا لیکن وہ بیماری کی بے ہوشی سی ہوتی ہے۔ اگر صحیح دوائی دیں تو ایک دم سارا جسم گرم ہو جائے گا۔ ورنہ خطرناک بیماریاں مثلاً گردن توڑ بخار مرگی وغیرہ پیدا ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ ایسے موقع پر فوری اثر کرنے والی دواؤں میں بیلاڈونا بھی ایک ہے۔ اگر صحیح دوا جلد نہ دی جائے تو ایسی حالت میں بچے مر بھی جاتے ہیں۔

(ص138)

## برائی اونیا

(Bryonia Alba)

ملیریا اور ٹائیفائیڈ دونوں بیماریوں میں برائی اونیا بہت مؤثر ہے۔ برائی اونیا میں اگر جسم دکھے گا تو سردرد بھی ضرور ہوگا۔ بخار کی حالت میں بعض دفعہ درد کے ساتھ ہذیان بھی شروع ہو جاتا ہے اور مریض اوٹ پٹانگ باتیں کرنے لگتا ہے۔ ویسے برائی اونیا کے ہذیان میں مریض زیادہ باتیں نہیں کرتا۔ ہائیوسمس، سٹرامونیم، سلفر اور بیلاڈونا کے ہذیان شدت میں زیادہ ہوتے ہیں اور بخاروں کے زہریلے مادوں کے نتیجہ میں پیدا ہوتے ہیں۔ اگر سردرد کی دوا پہچانی جائے تو مرض کی شناخت بھی ہو جاتی ہے۔ بیلاڈونا کا سردرد خواہ ٹائیفائیڈ میں ہو یا کسی اور بیماری میں اچانک ہوگا۔ (ص168)

برائی اونیا مسلسل بخاروں میں نہیں بلکہ Remittent اور Intermittent بخاروں میں کام آسکتی ہے۔ ملیریا میں بسا اوقات برائی اونیا کی ضرورت پڑتی اور ٹائیفائیڈ میں بھی کام آتی ہے۔

(ص169)

## چینینم آرس
(Chininum Ars)

ملیریا کے ختم ہونے کے بعد جو بداثرات جسم میں باقی رہ جاتے ہیں۔ چینینم آرس ان کو دور کرنے کی اچھی دوا ہے۔ (ص283)

## سائنا(Cina)

اگر ملیریا کے حملہ کے بعد مرگی کے دورے پڑنے لگیں تو سائنا کو فراموش نہیں کرنا چاہئے۔ (ص296)

## سنکونا آفیشی نیلس (چائنا)
(Cinchona Officinalis) China

ملیریا بخار کے بعد ظاہر ہونے والے بداثرات میں بہت مفید ہے۔ ملیریا کا شائد ہی کوئی ایسا مریض ہو۔ جس کا سنکونا سے علاج نہ ہوا ہو۔ اس کی علامتیں بخار پر غالب آجاتی ہیں اور ملیریا کو دبا دیتی ہیں۔ ملیریا کے اکثر مریضوں میں یہ علامتیں دبی ہوئی حالت میں موجود رہتی ہیں ان کے لئے چائنا بہترین دوا ہے۔ (ص299)

ملیریا بخار کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی کمزوری اور دیگر علامات کو دور کرنے کے لئے بھی چائنا بہت مفید ہے اس کا مریض چھونے سے سخت زود حس ہو جاتا ہے۔ حرکت سخت تکلیف دیتی ہے اور ٹھنڈی ہوا ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ (ص300)

## ڈروسرا روٹنڈیفولیا
(Drosera Rotundifolia)

اگر مریض کو بخار ہو تو وہ جسم میں شدید سردی محسوس کرتا ہے اور کانپتا ہے چہرہ گرم اور ہاتھ ٹھنڈے ہو جاتے ہیں اور پیاس بالکل غائب ہو جاتی ہے۔ (ص361)

## یوپاٹوریم
(Eupatorium Perfoliatum)

انفلوئنزا، ملیریا اور وہ بخار جس میں جسم کی سب ہڈیوں میں سخت دکھن کا احساس ہو ان میں یہ بہت مفید ہے۔ نیز ایک چھوٹا سا مچھر کی قسم کا کیڑا جسے کتری کہا جاتا ہے اور عموماً خشک پہاڑی علاقوں میں ملتا ہے۔ اس کے کاٹنے سے جو بخار ہو اسے ڈینگو فیور (Dango Fever) یا کمر توڑ بخار کہتے ہیں۔ اس بخار کے علاج میں کامیابی سے استعمال ہونے والی یہ نہایت اعلیٰ پایہ کی دوا ہے۔ اس کی خاص علامت یہ ہے کہ ہڈیوں اور کمر میں سخت درد ہوتا ہے۔ جو ناقابل بیان اور ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ یوپاٹوریم اس بخار کی تکلیف میں بہت کمی پیدا کر دیتا ہے مگر مکمل شفا نہیں دے سکتا کیونکہ یہ بخار ہر صورت میں اپنا سات دن کا چکر پورا کر کے رہتا ہے۔ اس کے بعد شفا ہونے کی صورت میں جسم کا اندرونی دفاع اس کے خلاف مکمل طور پر بیدار ہو چکا ہوتا ہے۔ پھر اس مریض کو دوبارہ ڈینگو فیور نہیں ہوتا۔ (ص371)

یوپاٹوریم میں ہڈیوں کے درد کے ساتھ سردی کا احساس ضرور پایا جاتا ہے۔ یہ علامت ملیریا کی بھی نشاندہی کرتی ہے۔ اس لئے یوپاٹوریم ملیریا کی بھی ایک مفید دوا ہے۔ اس کی سردی صبح چھ بجے سے لے کر نو بجے تک زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ یوپاٹوریم کی علامتیں سورج چڑھنے کے ساتھ ہی شروع ہو جاتی ہیں جبکہ نیٹرم میور کی علامتیں اشراق کے وقت صبح نو بجے کے بعد بڑھتی ہیں۔

اگر وبائی صورت میں ملیریا ظاہر ہو اور یوپاٹوریم چند مریضوں کے لئے فائدہ مند ثابت ہو تو اس وباء کے اکثر مریضوں میں یوپاٹوریم ہی کام آئے گی۔ سب سے پہلے تو اس میں شدید پیاس ملتی ہے۔ سردیوں میں بھی ٹھنڈا پانی پینے کو دل چاہتا ہے جس سے جسم پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے لیکن پیاس بجھنے میں نہیں آتی۔ مریض اپنے آپ کو خوب لپیٹ کر رکھتا ہے۔ جب سردی ختم ہو اور بخار چڑھ جائے تے شروع ہو جاتی ہے اور کھلا پسینہ بھی آتا ہے۔ لیکن اس پسینہ سے بخار نہیں اترتا۔ قے میں صفراء بہت آتا ہے شروع میں جتنی زیادہ سردی لگتی ہے بخار چڑھنے کے بعد اتنی ہی گرمی اور حدت کا احساس ہوتا ہے۔ اگر درجہ حرارت 103 ہو تو مریض 106 درجہ حرارت محسوس کرتا ہے یعنی گرمی اور سردی دونوں کے احساس کی شدت یکساں ہوتی ہے۔ بخار جب پوری طرح چڑھ جائے تو پسینہ آنا بند ہو جاتا ہے۔ جب بخار ٹوٹے تو اس وقت پھر پسینہ آتا ہے جس کے ساتھ بخار ٹوٹنے کا عمل تیز ہو جاتا ہے۔ لیکن سر میں شدید درد شروع ہو جاتا ہے۔ جو عام تجربے سے برعکس علامت ہے کیونکہ ملیریا کے اکثر مریضوں کو جب پسینہ کے ساتھ بخار ٹوٹے تو بخار کے دوران ہونے والے سردرد کو بھی آرام آیا کرتا ہے۔ یہ طرفہ تماشہ یوپاٹوریم میں ہی ملے گا کہ بخار ٹوٹ رہا ہو اور سردرد بڑھ رہا ہو۔ (ص372)

## جیلسیمیم
(Gelsemium)

اگر بچے کو سردی لگنے سے کچھ عرصہ بعد بخار ہو تو جیلسیمیم دینی چاہئے۔ لیکن اگر سردی لگتے ہی برا حال ہو جائے تو ایکونائٹ اور بیلاڈونا ملا کر دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ (ص395)

اگر ملیریا کا بخار ہو اور روز چڑھتا اترتا ہو اور عموماً دوپہر کے بعد اونچا ہونے کا رجحان ہو تو ایسی علامات میں جیلسیمیم بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ (ص397)

## گلونائن (Glonoinum)

گلونائن کے مریض کی زبان سرخی مائل ہوتی ہے اور منہ خشک لیکن پیاس زیادہ نہیں ہوتی تیز بخار کے باوجود پیاس غائب ہو جاتی ہے۔ گرم موسم دھوپ اور آگ کے سامنے تکلیفوں میں اضافہ ہو جاتا ہے اور دھوپ اور گرمی کا احساس صرف سر تک ہی محدود نہیں رہتا بلکہ سارا جسم متاثر ہوتا ہے۔......

بچوں کے گردن توڑ بخار میں جو خصوصاً گرمیوں میں ہو گلونائن مفید ہے۔ اس میں گردن پیچھے کو مڑ جاتی ہے۔ چہرہ پر شدت کی گرمی اور چمک ہوتی ہے۔ آنکھیں کھنچ کر اوپر کو چڑھ جاتی ہیں۔ سر اور اوپر کا دھڑ سخت گرم اور نچلا دھڑ ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ بہت پسینہ آتا ہے۔ ورم الدماغ (Meningitis) ہو جاتا ہے اگر ملیریا کے جراثیم ریڑھ کی ہڈی میں چلے جائیں تو اس سے بھی ورم الدماغ ہو جاتا ہے۔ اگر اس بیماری کا گرمیوں سے تعلق ہو تو اس میں گلونائن مفید دوا ہے۔ (ص404,403)

## ہائیوسمس (Hyoscyamus)

اگر ٹائیفائیڈ کے مریض میں ہائیوسمس کی علامتیں پائی جائیں تو مریض سوتے میں بھی بولتا رہتا ہے کپڑے اور بستر کی چادر چنتا ہے جیسے چٹکیاں بھر رہا ہو گندی شرمناک باتیں کرتا ہے جس کی وجہ جنسی اعضاء کی سوزش ہے۔ (ص457)

## اپی کاک (Ipecacuanah)

اپی کاک ملیریا کی بہت اہم دوا ہے۔ ملیریا کا بھی متلی سے گہرا تعلق ہے اور اس کا معدے پر بھی حملہ ہوتا ہے۔ اس پہلو سے اپی کاک کا ملیریا سے طبعی تعلق ہے۔ اپی کاک کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ کمر میں سخت سردی محسوس ہوتی ہے اور سردی کی لہریں اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر جاتی ہیں۔ سردی کے علاوہ درد کی لہریں بھی یونہی اوپر سے نیچے نیچے سے اوپر کمر میں چلتی ہیں۔ اگر بچے کو ملیریا ہو رہا ہو اور وہ یہ ساری باتیں بتا نہ سکے اور اپی کاک کی ضرورت ہو تو اس کی دو تین علامتیں نمایاں طور پر اپی کاک کی طرف اشارہ کریں گی۔ شدید سردی سے بدن کانپنے لگے گا اور دانت بجیں گے۔ اگر ایسے بچے میں اپی کاک کی دوسری علامتیں بھی ملیں تو اسے ملیریا کے علاج کے لئے اسے اپی کاک دینے میں دیر نہیں کرنی چاہئے۔ (ص475)

## کالی بائیکروم
(Kali Bichromicum)

تعفن کے بخار میں بھی کالی بائیکروم کافی مفید دوا ہے جسم ٹھنڈا ہونے کی وجہ سے مریض بستر میں لحاف اوڑھ کر لیٹنے سے آرام محسوس کرتا ہے۔ رات کے پچھلے پہر مرض میں شدت پیدا ہو جاتی ہے۔ جس وقت کوئی مرض بڑھے اگلے روز بھی اسی وقت اس میں جوش پیدا ہوگا۔ (ص487)

## کالی فاس
(Kali Phosphoricum)

ٹائیفائیڈ کے نتیجہ میں منہ میں گہرے زخم ہو جاتے ہیں۔ زبان گندی اور بہت بدبودار ہو جاتی ہے۔ کالی فاس میں بھی یہ علامات پائی جاتی ہیں جب دفاعی طاقتیں جواب دے جائیں تو جسم میں عفونت پھیل جاتی ہے اور زبان پر پھپھوندی لگ جاتی ہے کالی فاس اس بیماری میں بہت اچھی دوا ہے۔ (ص510)

عورتوں کے پرسوتی بخار میں Puerperal (Infection) پائرو جینیم + سلفر کے علاوہ کالی فاس بھی اچھا کام کرتی ہے۔ (ص514)

## لیک ڈیفلوریٹم
(Lac Defloratum)

لیک ڈیف کی سب علامتوں میں ملیریا کے پرانے اثرات بھی ملتے ہیں مثلاً خون کی کمی سوجن ذیابیطس کی علامتیں دل کی کمزوری وغیرہ وغیرہ (ص533)

## ملیریا آفیشی نیلس
(Malaria Officinalis)

یہ دوا ملیریا بخار اس کے بداثرات میں مفید ہے۔ سردرد، متلی، جسم میں دردیں، معدے میں بے چینی اس کی خاص علامات ہیں۔ یہ صرف ملیریا میں ہی نہیں بلکہ اس سے ملتے جلتے بخاروں کے لئے بھی استعمال کی جاتی ہے۔ مریض کا جسم گرم ہو لیکن وہ سردی اور کپکپاہٹ محسوس کرے اور اعضاء شکنی کی علامت پائی جائے تو ملیریا آفیشی نیلس استعمال کرنی چاہئے۔ ......ضدی قسم کے ملیریا بخار جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوں ان میں بھی یہ مفید ہے۔ اس کے استعمال سے چند دنوں میں ہی مریض کی صحت بہتر ہونے لگتی ہے یا مرض کی علامات واضح ہو کر سامنے آجاتی ہیں جن سے صحیح دوا کی تشخیص میں مدد ملتی ہے۔ (ص575)

## مرکری (Mercurius)

اگر گلے کے غدود متورم ہوں اور بخار ہو جائے تو پسینہ آنے سے بخار ٹوٹنے کی بجائے مرض اور بھی گہرائی میں اتر جاتا ہے۔ مرکری کی دو تین خوراکیں دینے سے دبا ہوا بخار پہلے ابھرتا ہے اور پھر ٹوٹنے لگتا ہے۔ بار بار کا پسینہ آنا بند ہو جاتا ہے اور ایک ہی دفعہ بہت کھل کر پسینہ آتا ہے۔ اس بخار میں جس کا ایک علاج مرکری بھی ہے۔ بچوں کی آنکھیں ایسی چمکیلی ہو جاتی ہیں جیسے وارنش کر دیا گیا ہو۔ (ص594)

## ملی فولیم (Millefolium)

ہرنیا (Hernia) جو طاقت سے بڑھ کر بوجھ اٹھانے سے پیدا ہو۔ پتھریوں کے آپریشن کے بعد خون روکنے کے لئے اور ایسے بہت اونچے بخار میں جس کی کوئی وجہ سمجھ نہ آئے اور مسلسل ہو جب دوسری دوائیں کام نہ کریں ملی فولیم اعجازی اثر دکھا سکتی ہے۔ (ص603)

## وصایا

**ضروری نوٹ**

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

### مسل نمبر 122401 میں عدیل احمد ظفر

ولد مظفر احمد قوم گجر پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد شرقی ربوہ ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم نومبر 2015 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عدیل احمد ظفر گواہ شد نمبر 1۔ مظفر احمد ولد فتح محمود گواہ شد نمبر 2۔ جمیل احمد پال ولد فیروز الدین پال مرحوم

### مسل نمبر 122402 میں صباء شہباز

بنت شہباز احمد باجوہ قوم باجوہ پیشہ زراعت عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Chak63/D.B ضلع و ملک Bahawalpur ,Pakistan بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 25 جولائی 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) Gold Ring 3 ماشہ پاکستانی روپے اس وقت مجھے مبلغ 300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صباء شہباز گواہ شد نمبر 1۔ شہباز احمد باجوہ ولد بشیر احمد باجوہ گواہ شد نمبر 2۔ شہزاد احمد ولد شہباز احمد باجوہ

### مسل نمبر 122403 میں مریم صدیقہ

بنت زاہد نجیب قوم ملہی پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 17/-A دارالرحمت غربی ربوہ ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم جولائی 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 2 ہزار روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مریم صدیقہ گواہ شد نمبر 1۔ سید نصیر احمد شاہ ولد سید محمد حسین شاہ مرحوم گواہ شد نمبر 2۔ منور احمد ولد عنایت اللہ

### مسل نمبر 122404 میں عارش احمد

ولد محمد احمد مظہر قوم کھوکھر پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالانوار ربوہ ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 23 اگست 2015 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 20 ہزار روپے ماہوار بصورت Tuition مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عارش احمد گواہ شد نمبر 1۔ فراز احمد ورک ولد حنیف احمد ورک گواہ شد نمبر 2۔ عرفان الٰہی ولد منور احمد

### مسل نمبر 122405 میں صادقہ ارم

بنت احسان اللہ چیمہ قوم چیمہ پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لاہور ضلع و ملک لاہور پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 6 اکتوبر 2015ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) زیور 16 ہزار روپے اس وقت مجھے مبلغ 1 ہزار روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صادقہ ارم گواہ شد نمبر 1۔ احسان اللہ چیمہ ولد چوہدری غلام رسول چیمہ مرحوم گواہ شد نمبر 2۔ قاضی عبدالشکور ولد قاضی عبدالمجید مرحوم

### مسل نمبر 122406 میں صبیحہ آصف

زوجہ محمد آصف بلوچ قوم بلوچ پیشہ خانہ داری عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Shadan Lund ضلع و ملک میر پور خاص پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 22 اکتوبر 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) زیور 36 ہزار روپے اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صبیحہ آصف گواہ شد نمبر 1۔ محمد آصف بلوچ ولد محمد رمضان بلوچ گواہ شد نمبر 2۔ منور اقبال ولد رشید احمد خان

### مسل نمبر 122407 میں بشریٰ ناہید

زوجہ امتیاز احمد قوم کھوکھر پیشہ خانہ داری عمر 57 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Chohoor Muglian ضلع و ملک Nankana Sahib Pakistan بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم نومبر 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) زیور 50 ہزار روپے (2) حق مہر 25 ہزار روپے اس وقت مجھے مبلغ 10 ہزار روپے ماہوار بصورت Private مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ بشریٰ ناہید گواہ شد نمبر 1۔ امتیاز احمد ولد غلام احمد گواہ شد نمبر 2۔ عطاء القدوس ولد محمد اسلم

### مسل نمبر 122408 میں سمیعہ ارشد

بنت ارشد اقبال قوم کاہلوں پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چھور مغلیاں چک 117 ضلع و ملک Nankana Sahib, Pakistan بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم نومبر 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سمیعہ ارشد گواہ شد نمبر 1۔ اسامہ اقبال ولد ارشد اقبال گواہ شد نمبر 2۔ عطاء القدوس ولد محمد اسلم

### مسل نمبر 122409 میں ماہدہ وحید

بنت عبدالوحید ملک قوم .... پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لاہور ضلع و ملک لاہور پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 15 اکتوبر 2015ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ماہدہ وحید گواہ شد نمبر 1۔ اسامہ وحید احمد ولد عبدالوحید ملک گواہ شد نمبر 2۔ عبدالوحید ملک ولد عبدالمجید ملک

### مسل نمبر 122410 میں عبدالواسع

ولد عبدالنعیم قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محلّہ اقبال پورہ گلی نمبر 4 سانگلہ ہل ضلع و ملک Nankana Sahib,Pakistan بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 10 اگست 2015 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 1 ہزار روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عبدالواسع گواہ شد نمبر 1۔ سعید احمد ایاز ولد سبحان علی گواہ شد نمبر 2۔ اسد علی ولد محمد عاشق

### مسل نمبر 122411 میں محمد داؤد طاہر

ولد محمد یعقوب طاہر قوم قریشی پیشہ ریٹائرڈ عمر 71 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Shumali Chauni Lahore Chant ضلع و ملک لاہور پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم اکتوبر 2015 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) مکان پاکستانی روپے (2) پلاٹ پاکستانی روپے (3) پلاٹ 4 لاکھ 80 ہزار روپے (4) پلاٹ 4 لاکھ 50 ہزار روپے (5) Cash Diposit National Bank 204602 روپے (6) Cash In Standerd Charter 8 ہزار 249 روپے (7) گاڑی 12 لاکھ 65 ہزار روپے (8) Travelers 3Cheque ہزار Us Dollar اس وقت مجھے مبلغ 86 ہزار 55 روپے ماہوار بصورت Pension مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد داؤد طاہر گواہ شد نمبر 1۔ عصمت اللہ خالد مہار ولد عبداللہ مہار گواہ شد نمبر 2 تنویر احمد باجوہ ولد چوہدری نصیر احمد باجوہ

### مسل نمبر 122412 میں عمرانہ رفعت

بنت عرفان احمد قوم آرئیں پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد شرقی ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم دسمبر 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عمرانہ رفعت گواہ شد نمبر 1۔ عرفان احمد ولد شکور احمد گواہ شد نمبر 2 کرامت احمد ولد عبدالرزاق

### مسل نمبر 122413 میں اقبال مسرور

زوجہ غلام سرور ملہی قوم .... پیشہ پنشنر عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 16/1 ناصر آباد شرقی ربوہ ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم جنوری 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) زیور 5 تولہ پاکستانی روپے (2) حق مہر 500 روپے اس وقت مجھے مبلغ 15 ہزار روپے ماہوار بصورت Pension مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ اقبال مسرور گواہ شد نمبر 1۔ جمیل احمد پال ولد فیروز الدین پال مرحوم گواہ شد نمبر 2۔ غلام سرور ملہی ولد محمد علی ملہی مرحوم

# علمی سیمینارز

بفضل اللہ تعالیٰ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان کو اپنے تعلیمی ادارہ جات کی بہتری اور اساتذہ وطلباء کی علمی وعملی صلاحیتوں کو نکھارنے کیلئے مختلف سیمینارز منعقد کروانے کی توفیق مل رہی ہے۔ گزشتہ ماہ میں منعقد ہونے والے درج ذیل سیمینارز میں تعلیمی اداروں کے اساتذہ وطلباء کے علاوہ عوام الناس کی بھی ایک خاصی تعداد شامل ہوکر استفادہ کرتی رہی۔

## ذہنی دباؤ

عورتوں اور بچوں کے مسائل حل کرنے کے حوالہ سے نظارت تعلیم نے نصرت جہاں کالج میں Depression:Peace of Mind کے موضوع پر ایک سیمینار کا اہتمام کیا۔ اس سیمینار میں شعبہ نفسیات کے صدر مکرم ڈاکٹر فرید منہاس صاحب نے لیکچر دیا اور بعدازاں سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اس سیمینار میں 142 افراد شامل ہوئے جبکہ دورانیہ 2 گھنٹے تھا۔

## یونیکارن

نصرت جہاں کالج کے طلبہ کیلئے Looking for the Unicorn کے موضوع پر ایک سیمینار کا انعقاد کروایا گیا۔ اس پروگرام میں امریکہ سے آئے ہوئے مکرم خرم فواد صاحب (CEO Oracular USA) نے IT اور Creativity کے حوالے سے لیکچر دیا اور بعدازاں سوالات کے جواب بھی دیئے۔ اس پروگرام کا دورانیہ دو گھنٹے تھا اور شاملین کی تعداد 134 تھی۔

## کوانٹم گریویٹی

نظارت تعلیم کے Quantum Gravity کے موضوع پر ایک سیمینار نصرت جہاں کالج میں منعقد کروایا۔ اس سیمینار میں مکرم ڈاکٹر مقبول احمد صاحب نے لیکچر دیا اور بعدازاں سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ سیمینار میں شاملین کی تعداد 210 رہی۔ دورانیہ دو گھنٹے تھا۔

## ایجوکیشن مینجمنٹ

نظارت تعلیم کے تحت ”Education Management“ کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد ہوا۔ اس سیمینار میں مکرم بشیر احمد خان صاحب پروفیسر ایف سی کالج لاہور نے لیکچر دیا اور بعدازاں سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اس سیمینار میں نظارت تعلیم سے متعلقہ تمام ادارہ جات کے پرنسپلز اور ایڈمن سے متعلقہ لوگ شامل ہوئے۔ سیمینار میں شاملین کی تعداد 68 رہی جبکہ دورانیہ 2 گھنٹے تھا۔

## بزنس لیڈرز فورم

طلباء کی بہتر رہنمائی کرنے کیلئے نظارت تعلیم نے Business Leader Forum کے موضوع پر نصرت جہاں کالج میں ایک سیمینار کا اہتمام کیا۔ اس سیمینار میں مکرم ظہیر احمد صاحب (CEO Toyota Faisalabad) نے لیکچر دیا اور بعدازاں سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اس پروگرام کی حاضری 134 تھی۔ اور دورانیہ 2 گھنٹے تھا۔

(نظارت تعلیم)

### ربوہ میں طلوع وغروب وموسم 22 فروری

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:22 |
| طلوع آفتاب | 6:42 |
| زوال آفتاب | 12:22 |
| غروب آفتاب | 6:03 |
| زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت | 28 سنٹی گریڈ |
| کم سے کم درجہ حرارت | 11 سنٹی گریڈ |

موسم خشک رہنے کا امکان ہے

### ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

22 فروری 2016ء

| | |
|---|---|
| 6:30 am | بیت الذکر ریسٹر کا افتتاح |
| 8:15 am | خطبہ جمعہ 19 فروری 2016ء |
| 9:50 am | لقاء مع العرب |
| 11:45 am | حضور انور کا خطاب جلسہ سالانہ یوایس اے 22 جون 2008ء |
| 6:00 pm | خطبہ جمعہ 2۔اپریل 2010ء |

نورتن جیولرز ربوہ
فون گھر 047-6211971 فون 6214214
دکان 6216216

نئے لہنگے کرایہ پر حاصل کریں۔
تمام گرم ورائٹی پر زبردست سیل جاری ہے
ورلڈ فیبرکس 047 6213155
ملک مارکیٹ نزد یوٹیلیٹی سٹور ریلوے روڈ ربوہ

مکان برائے فروخت
برقبہ 1 کنال۔10 مرلہ تعمیر شدہ جس میں 4 بیڈ+4 باتھ سٹور+ پینٹری +2 برآمدہ +2 صحن+کمیٹی پانی Security Grill+UPS Cable Fitt۔سن روف،2 گیزر
نزد دارالرحمت محلہ ناصر آباد غربی ربوہ
PK 0331-6037668
AUS+61409700346

ٹھنڈ کیا آئی ربوہ کی بستی میں
لے جائیں گرم ورائٹی سستی میں
سیل۔سیل۔سیل
صاحب جی فیبرکس
ریلوے روڈ ربوہ:0092-47-6212310
www.sahibjee.com

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا
الرفیع بینکویٹ ہال فیکٹری ایریا سلام
بکنگ جاری ہے
رشید برادرز ٹینٹ سروس گولبازار ربوہ
رابطہ: 0300-4966814,0300-7713128
0476211584,0332-7713128

فاتح جیولرز
www.fatehjewellers.com
Email:fatehjeweller@gmail.com
ربوہ فون نمبر: 0476216109
موبائل 0333-6707165

الرحمٰن پراپرٹی سنٹر
اقصیٰ چوک ربوہ۔ موبائل:0301-7961600
0321-7961600
پروپرائیٹر: رانا حبیب الرحمٰن فون دفتر:6214209
Skype id:alrehman209
alrehman209@yahoo.com
alrehman209@hotmail.com

طاہر آٹو ورکشاپ اینڈ رینٹ اے کار
ورکشاپ ٹیکسی سٹینڈ ربوہ
ہمارے ہاں پٹرول، ڈیزل EFI گاڑیوں کا کام تسلی بخش کیا جاتا ہے نیز تمام گاڑیوں کے جینئین اور کابلی سپیئر پارٹس دستیاب ہیں نیز نیو ماڈل کار اور ہائی ایس مناسب کرایہ پر دستیاب ہے
فون: 0334-6360782,0334-6365114

پلاٹ برائے فروخت
ایک عدد پلاٹ نمبر 18/6 کچھ حصہ تعمیر شدہ رقبہ دو کنال گیس پانی بجلی کے کنکشن موجود کشادہ 60 فٹ چوڑی سڑک نزد سرگودھا فیصل آباد روڈ دارالصدر شمالی انوار ربوہ برائے فروخت ہے۔ رابطہ: 03336716596
UK: 00441282613601

خالص جڑی بوٹیوں سے تیار شدہ گرتے بالوں کا تیل
نفیس منجن، دانتوں کو صاف اور چمکدار بناتا ہے
سندر ابٹن، اکسیر ہاضمہ، حب اٹھرا، اولاد نرینہ
نیز دیسی جڑی بوٹیاں بھی دستیاب ہیں
الیاس دواخانہ اقصیٰ چوک ربوہ

آندرے آس لینگویج انسٹیٹیوٹ
جرمن زبان سیکھئے
گوئٹے انسٹیٹیوٹ سے سند یافتہ ٹیچر
اور اب لاہور کراچی ٹیسٹ کی تیاری کیلئے بھی تشریف لائیں۔
فیصل آباد میں بھی جرمن کلاسز کا آغاز ہو چکا ہے
برائے رابطہ: طارق شبیر دارالرحمت غربی ربوہ
03336715543, 03007702423,0476213372

بلوچ پراپرٹی سنٹر
ہر قسم کی جائیداد کی خرید وفروخت کا قابل اعتماد ادارہ
پروپرائٹر: آصف بلوچ ۔17 بلال مارکیٹ ربوہ
موبائل 0300-7710709-0345-6311000
Email:asifbaloch786@ymail.com

CASA BELLA
Home Furnishers

Master Craftmanship
FURNITURE
13-14, Silkot Block
Fotress Stadium, Lahore
Ph: 042-36668937, 36677178
E-mail: mrahmad@hotmail.com
FABRICS
1- Gilgit Block
Fotress Stadium, Lahore
Ph: 042-36660047, 36650952
A Complete Range of Furniture, Accessories
Wooden Flooring

FR-10

ایک نام مغل بینکوئیٹ ہال
کھانوں کے اعلیٰ معیار اور بہترین سروس کی ضمانت دی جاتی ہے
پروپرائٹر محمد عظیم احمد فون: 6211412,03336716317
لیڈیز ہال میں لیڈیز ورکرز کا انتظام نیز کیٹرنگ کی سہولت میسر ہے
فون: 0336-8724962

معیاری ہومیو پیتھک ادویات
معیاری جرمنی وپاکستانی ہومیو پیتھک ادویات پوٹنسیاں، مدر ٹنکچرز، بائیوکیمک، ادویات، سادہ گولیاں، ٹکیاں، ٹیوبز، ڈراپرز دستیاب ہیں۔ نیز ادویات کے بریف کیسز بھی دستیاب ہیں۔
ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی۔ کالج روڈ ربوہ فون: 047-6213156

فیصل آباد میں آپ کی اپنی دکان
عزیز کلاتھ وشال ہاؤس
لیڈیز وجینٹس سوٹنگ، شادی بیاہ کی فینسی وکامدار ورائٹی
پاکستانی وامپورٹڈ شالیں، سکارف جرسی سویٹر، تولیہ
بنیان وجراب کی مکمل ورائٹی کا مرکز
کارنر بھوانہ بازار۔ چوک گھنٹہ گھر۔ فیصل آباد
041-2604424,0333-6593422
0300-9651583